| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 7 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب دوم: ایمانیات و عبادات (ب) عبادات | سبق کا نام: روزہ (صَوم) |

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- روزے کی فرضیت، اہمیت و فضیلت اور احکام جان سکیں۔
- رمضان المبارک میں عبادت کرنے کی ترغیب حاصل کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ سبق میں آمادگی کے لیے طلبہ سے سوالات پوچھیں:

الف: روزے کو عربی زبان میں کیا کہتے ہیں؟

ب: روزے سے کیا مراد ہے؟

طلبہ کو بتائیں روزہ دین اسلام کے بنیادی ارکان میں سے ایک اہم رکن ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

اے ایمان والو! تمھارے اوپر روزے فرض کیے گئے ہیں جیسا کہ تم سے پہلی امتوں پر بھی فرض کئے گئے تھے، تاکہ تم متقی بن جاؤ۔ (سورۃ البقرۃ: 183)

طلبہ کو بتائیں آج ہم روزے کی فرضیت و اہمیت کے بارے میں پڑھیں گے۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 15 کھولنے کی ہدایت دیں۔ ''روزے کی اہمیت و فضیلت'' کا متن پڑھائیں۔ اور مشکل الفاظ کے معانی بھی بتائیں۔
- تختہ تحریر پر روزے کی اہمیت و فضیلت کا عنوان تحریر کریں۔

- طلبہ کو بتائیں روزہ گناہوں کی ڈھال ہے۔ روزے کی ایک فضیلت یہ ہے کہ روزے دار کے پچھلے تمام گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور اکرم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ الہٖ واصحابہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا "جس نے ایمان اور احتساب کے ساتھ رمضان کے روزے رکھے اس کے اس سے پہلے کے تمام گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں۔ ایک اور مقام پر آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ الہٖ واصحابہٖ وسلم نے روزے کے عوض خوش خبری سناتے ہوئے فرمایا: روزے دار کے لیے دو خوشیاں ہیں ایک افطار کے وقت اور دوسری خوشی اپنے رب سے ملاقات کے وقت۔
- طلبہ کو بتائیں روزے دار کے لیے روزے کی جزا تمام افعال سے بڑھ کر ہے۔
- انھیں بتائیں روزے دار کے منہ کی ہوا کو اللہ تعالیٰ نے مشک سے بھی زیادہ بڑھ کر قرار دیا ہے۔
- طلبہ کو رمضان المبارک کے مہینے کی برکتوں اور رحمتوں کے بارے میں بتائیں کہ یہ تمام مہینوں کا سردار ہے اور اس مہینے میں نفل اور فرض دونوں عبادات کا ثواب بڑھ جاتا ہے اسی لیے یہ مہینا افضل ہے۔ اس مہینے میں جنت کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کر دیے جاتے ہیں۔ اس مہینے میں رحمت و برکات کا نزول ہوتا ہے اور انسان کے دل میں اس مہینے کا احترام پیدا ہوتا ہے جس کی بنا پر وہ عبادات کی طرف راغب ہوتا ہے۔
- طلبہ کو بتائیں روزے کی یہ فضیلت اور جزا انسان صرف اسی وقت حاصل کر سکتا ہے جب روزے کے تمام تقاضے بھی پورے کرے کیونکہ روزہ صرف کھانے پینے سے رکنے کا نام ہی نہیں ہے بلکہ تمام برے افعال جیسے جھوٹ، چوری سے پرہیز کا بھی نام ہے۔
- طلبہ کو بتائیں روزے کا مقصد انسان کے اندر تقویٰ کی صفات پیدا کرتا ہے تقویٰ سے مراد ہے کہ انسان اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر تمام برے کاموں سے بچے۔
- تختہ تحریر پر روزے کے احکام لکھیں جیسے:

روزہ ہر عاقل بالغ مسلمان پر فرض ہے۔

سفر اور بیماری میں روزہ چھوڑنے کی اجازت ہے اور سفر، بیماری کے بعد روزے کی قضا بھی واجب ہے۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ: 5 منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| قضا | قَ۔ضا | وہ عبادت جو مقرّرہ وقت کے بعد ادا کی جائے |

| | | |
|---|---|---|
| عاقل | عا۔ قل | دانا۔ ہوشیار |
| حوالہ | ح۔وا۔لہ | سپردگی |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھایا گیا سبق مختصراً دُہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

مشق جزو (1) کا سوال (۳) طلبہ سے پوچھیں۔ صحیح جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور ہدایت دیں کہ جواب کو کاپی پر لکھیں۔ مشق جزو (2) کا سوال (۱) طلبہ سے پوچھیں۔ صحیح جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور ہدایت دیں کہ جواب کو کاپی پر لکھیں۔ مشق جزو (3) کا سوال کتاب پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

اساتذہ کرام کی مدد سے ''رمضان المبارک کے مہینے کا احترام کیسے کیا جاتا ہے'' کا جواب اپنی کاپی پر خوش خط لکھیں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

| | | |
|---|---|---|
| **نام:** ____________ | **مضمون: اسلامیات** | **سبق: روزہ (صَوم)** |

سوال 1: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

۱ روزہ کو عربی زبان میں کہتے ہیں:

الف صَوم  ب صلوٰۃ  ج قیام  د زکوٰۃ

۲ روزہ ہے:

الف فرض عبادت  ب سنّت عبادت  ج نفلی عبادت  د مستحب

۳ قرآن مجید کی رُو سے روزہ کا مقصد ہے:

الف تقویٰ  ب اخلاص  ج سچائی  د دیانت داری

۴ صَوم کا معنیٰ ہے:

الف رُک جانا  ب کھانا پینا  ج سونا  د جاگنا

| سبقی منصوبہ بندی:2 | مضمون: اسلامیات | جماعت: چہارم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ: 7 | اُستاد کا نام:______ |

| سبق کا نام: روزہ (صَوم) | باب دوم: ایمانیات وعبادات (ب) عبادات |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- روزے کے حقیقی مقاصد اور فوائد سے آگاہ ہو سکیں۔
- رمضان المبارک میں اعتکاف اور شب قدر کی اہمیت جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے پوچھیں:

الف: روزے کے احکام کے بارے میں وہ کیا جانتے ہیں؟

ب: روزے کی فضیلت کے بارے میں قرآن مجید کی ایک آیت کا ترجمہ بتائیں۔

طلبہ سے پوچھیں کیا وہ روزے کا حقیقی مقصد جانتے ہیں؟ بتائیں کہ آج ہم روزے کے حقیقی مقصد کے بارے میں پڑھیں گے۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 16 کھولنے کی ہدایت کریں۔
- 'روزے کے فوائد' کا متن پڑھوائیں۔ مشکل الفاظ کے معانی واضح کریں۔
- طلبہ کو بتائیں روزے کا مقصد تقوٰی کا حصول ہے۔ یعنی اس مہینے میں مسلمان تقوٰی اور پرہیز گاری کی دولت حاصل کرتے ہیں۔ انھیں بتائیں تقوٰی کا حصول اس وقت تک ممکن نہیں جب تک انسان دنیاوی خواہشات سے آزاد نہیں ہوتا۔ اور ماہِ رمضان خواہشاتِ نفس کے اس بے لگام گھوڑے کے لیے لگام کی حیثیت رکھتا ہے۔ روزہ رکھنے سے انسان کے اندر صبر و شکر بھی پیدا ہوتا ہے۔ اور دوسروں کے ساتھ

ہمدردی کا جذبہ بھی۔ روزہ انسانی صحت و تندرستی کا بھی ضامن ہے انسانی صحت کا دارومدار معدہ پر ہوتا ہے خوراک کی زیادتی سے معدہ درست کام نہیں کر پاتا اور بے شمار بیماریاں جنم لیتی ہیں۔ چونکہ رمضان میں معدہ خالی رہتا ہے لہٰذا وہ درست کام کرنے کے قابل ہو جاتا ہے اور تندرست رہتا ہے۔

- طلبہ کو بتائیں رمضان المبارک کے آخری عشرے میں مسجد میں اللہ تعالیٰ کی قربت حاصل کرنے کی نیت سے ٹھہرنا، اعتکاف کہلاتا ہے اور یہ سنت رسول خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم ہے۔
- طلبہ کو بتائیں اس مہینے میں ایسی رات بھی آتی ہے جو ہزار راتوں سے افضل اور بہتر ہے۔ حضرت سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم نے شعبان کی آخری تاریخ کو فرمایا کہ تمھارے اوپر ایک مہینا آرہا ہے جو بڑا مبارک مہینا ہے اس میں ایک رات ہے جو ہزار مہینوں سے بڑھ کر ہے اور یہ رات لیلۃ القدر کہلاتی ہے۔ لیلۃ القدر میں عبادت کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ معاف فرما دیتا ہے۔
- طلبہ کو ترغیب دلائیں کہ ماہِ رمضان میں روزے رکھنے کا اہتمام کریں اور روزے کی حالت میں زیادہ سے زیادہ قرآن مجید کی تلاوت کریں تاکہ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل ہو سکے۔

**الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| استقلال | اِس۔تِق۔لال | مستقل مزاجی |
| اہتمام | اِہ۔تے۔مام | انتظام۔ بندوبست |
| متقی | مُت۔تَ۔قی | گناہوں سے بچنے والا۔ پرہیزگار |
| اَجر | اَ۔جَر | ثواب |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (1) کا سوال (۴) طلبہ سے پوچھیں صحیح جواب دینے پر طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ مشق جزو (2) کے سوال (۲) اور (۳) طلبہ سے کاپی پر حل کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

روزے کے فوائد چارٹ پیپر پر خوش خط لکھیں اور کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| **نام:** ____________ | **مضمون:** **اسلامیات** | **سبق:** **روزہ (صَوم)** |
|---|---|---|

سوال 1: درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔

ا۔ تقوٰی سے کیا مراد ہے؟

________________________________________

________________________________________

۲۔ حدیث کی روشنی میں رمضان المبارک کی اہمیت بیان کریں۔

________________________________________

________________________________________

۳۔ روزے کے احکام کے تین نکات لکھیں۔

________________________________________

________________________________________

| پہلی سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ 7 | تاریخ: ______ | وقت: 40منٹ |

| باب دوم: ایمانیات و عبادات (ب) عبادات | سبق کا نام: حُقوقُ اللہ |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- اللہ تعالیٰ کو خالق، مالک، رازق اور معبود سمجھتے ہوئے اس کے حقوق جان سکیں۔
- اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو پہچان کر ان کا شکر ادا کرنے، تکلیف اور مصیبت میں صبر و استقامت اور توکل کرنے والے بن سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے پوچھیں کیا وہ جانتے ہیں کہ دائرہ اسلام میں داخل ہونے کا سب سے پہلا تقاضا کیا ہے؟ طلبہ کو بولنے کا موقع دیں۔ انھیں بتائیں یقیناً اسلام ہمیں عقیدۂ توحید پر ایمان لانے کا حکم دیتا ہے یعنی زبان کے ساتھ ساتھ دل سے بھی اس بات کا اقرار کرنا کہ اللہ تعالیٰ ایک ہے وہ اپنی ذات اور صفات میں یکتا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں اور صرف اسی کی ذات ہے جو عبادت و بندگی کے لائق ہے۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 18 کھولنے کی ہدایت دیں۔
- طلبہ سے صفحہ نمبر 18 پر مشتمل سبق کا متن پڑھوائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بھی بتائیں۔
- تختہ تحریر پر نمایاں کر کے لکھیں۔ حقوق، حق کی جمع ہے جس کے لفظی معنی فرض اور ذمہ داری کے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں آج ہم حقوق اللہ کے بارے میں پڑھیں گے۔ انھیں بتائیں حقوق اللہ سے مراد اللہ تعالیٰ کے وہ حقوق ہیں جن کو پورا کرنا ہم پر لازم ہے۔
- حقوق العباد کی وضاحت کرتے ہوئے بتائیں اللہ تعالیٰ اس کائنات میں موجود ہر چیز کا خالق و مالک ہے اس نے ہمیں دین و دنیا کی تمام ضروریات مہیا کی ہیں اور بے شمار نعمتوں سے نوازا ہے ان نعمتوں کا شمار کرنا ناممکن ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے: اور جو کچھ تم نے مانگا سب میں سے تم کو عنایت کیا اور اگر اللہ کے

احسان گننے لگو تو شمار نہ کر سکو (مگر لوگ نعمتوں کا شکر نہیں کرتے) کچھ شک نہیں کہ انسان بڑا بے انصاف اور ناشکرا ہے۔ (سورۃ ابراہیم، آیت: 34)

- طلبہ کو بتائیں جب اللہ تعالیٰ نے انسان کو پیدا کیا تو اس کی ضروریات کا بھی خیال رکھا اسے عقل و شعور سے نوازا۔ ہوا، پانی جیسی نعمتوں سے نوازا۔ روشنی اور حرارت کے لیے سورج، چاند اور ستاروں کو پیدا کیا۔ ہمیں آنکھیں، زبان، دل، دماغ، اور ہاتھ پاؤں عطا کیے جن کے بغیر ہم زندگی کا تصوّر بھی نہیں کر سکتے۔ دُکھ سُکھ اور ہر موقع پر ساتھ کے لیے ہمیں ماں، باپ، بہن، بھائی، دوست، رشتہ دار عطا کیے۔ ان نعمتوں میں سے ایک بڑی نعمت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہدایت و راہ نمائی ہے جو قرآن مجید اور حدیث نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی صورت میں ہمارے پاس موجود ہے۔ یہ تمام نعمتیں اتنی زیادہ ہیں کہ ہم ان کو شمار نہیں کر سکتے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے: اور اگر تم اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شمار کرنا چاہو تو شمار نہ کر سکو گے۔

(سورۃ النحل۔ آیت: 18)

اللہ تعالیٰ کے حقوق میں اللہ تعالیٰ کو راضی رکھنا، اس کے ضرورت مند بندوں پر اپنا مال خرچ کرنا، حلال اور حرام میں فرق کرنا اور ہر حال میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا شامل ہیں۔

- طلبہ کو تلقین کریں کہ ہر وقت اپنے دل، زبان اور عمل سے اللہ تعالیٰ کے شکر گزار بندے بنیں۔ اور ہر معاملے میں اللہ تعالیٰ پر بھروسا رکھیں۔
- حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ کے رسول خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا: اے معاذ "کیا تم جانتے ہو اللہ تعالیٰ کا حق اس کے بندوں پر کیا ہے"؟ میں نے کہا: اللہ اور اس کے رسول خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ بہتر جانتے ہیں۔ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ کا حق بندوں پر یہ ہے کہ وہ صرف اسی کی عبادت کریں اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں۔ (بخاری و مسلم)
- طلبہ کو بتائیں اللہ تعالیٰ کے ہم پر بے شمار حقوق ہیں سب سے اہم حق اللہ تعالیٰ کو ایک ماننا اور صرف اسی کی عبادت کرنا ہے ارشادِ باری تعالیٰ ہے: اور میں نے جنوں اور انسانوں کو صرف اپنی عبادت کے لیے پیدا کیا ہے۔ (سورۃ الذّٰریٰت، آیت: 56)
- طلبہ کو بتائیں اللہ تعالیٰ کے حقوق کا تقاضا ہے کہ ہر قسم کی عبادت کو صرف اسی کے لیے خاص کیا جائے، اس کے لیے اللہ کے وجود، ربوبیت، الوہیت اور اسماء و صفات پر ایمان لانا ضروری ہے۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5 منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| شمار | شُ۔ مار | تعداد۔ گنتی |

| | | |
|---|---|---|
| بنیادی | بُن۔یا۔دی | ابتدائی۔اصلی |
| مقصد | مق۔صَد | ارادہ۔مطلب |
| تصوّر | تَ۔صَو۔وُر | خیال۔دھیان |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق کے جزو(1) کے سوال (۱)،(۲)،(۳) طلبہ سے پوچھیں اور درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔مشق جزو(2) کے سوال (۱) کا جواب طلبہ سے کاپی پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ کوئی سی دس نعمتوں کی فہرست بنائیں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

| | | |
|---|---|---|
| **نام:** ____________ | **مضمون:اسلامیات** | **سبق: حُقوق اللہ** |

سوال 1: اللہ تعالیٰ کے پانچ حقوق کی فہرست بنائیں۔

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________